Ziyarat Taziyah

The condolence ziyarah of the day of Ashura: it greets Imam Husayn (a.s.) as the heir of every prophet and Imam, then offers condolences to the Holy Prophet (s.a.w.) and the Ahl al-Bayt (a.s.) on the tragedy of Karbala — recited after the Asr prayer on Ashura day.

74 lines · 10–15 min · alzair.app/ziyarat/ziyarat-taziyah · Urdu translation

---

1

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ آدَمَ صِفْوَةِ ٱللَّهِ

سلام ہو آپ پر اے آدمؑ کے وارث جو اللہ کے برگزیدہ تھے۔

2

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ نُوحٍ نَبِيِّ ٱللَّهِ

سلام ہو آپ پر اے نوحؑ کے وارث جو اللہ کے نبی تھے۔

3

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلِ ٱللَّهِ

سلام ہو آپ پر اے ابراہیمؑ کے وارث جو خلیل اللہ تھے۔

4

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُوسَىٰ كَلِيمِ ٱللَّهِ

سلام ہو آپ پر اے موسیٰؑ کے وارث جو کلیم اللہ تھے۔

5

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عِيسَىٰ رُوحِ ٱللَّهِ

سلام ہو آپ پر اے عیسیٰؑ کے وارث جو روحِ خدا تھے۔

6

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُحَمَّدٍ حَبِيبِ ٱللَّهِ

سلام ہو آپ پر اے محمدؐ کے وارث جو اللہ کے حبیب ہیں۔

7

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عَلِيٍّ أَمِيرِ ٱلْمُؤْمِنِينَ وَلِيِّ اللّهِ

سلام ہو آپ پر اے امیرالمومنین علیؑ کے وارث جو ولی اللہ ہیں۔

8

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ ٱلْحَسَنِ ٱلشَّهِيدِ سِبْطِ رَسُولِ ٱللَّهِ

سلام ہو آپ پر اے حسنؑ شہید جو رسول خداؐ کے نواسے ہیں۔

9

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا بْنَ رَسُولِ ٱللَّهِ

سلام ہو آپ پر اے فرزندِ رسول اللہؐ۔

10

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا بْنَ ٱلْبَشِيرِ ٱلنَّذِيرِ

سلام ہو آپ پر اے بشارت دینے والے اور ڈرانے والے کے فرزند

11

وَٱبْنَ سَيِّدِ ٱلْوَصِيِّينَ

اور وصیوں کے سردار کے فرزند۔

12

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا بْنَ فَاطِمَةَ سَيِّدَةِ نِسَاءِ ٱلْعَالَمِينَ

سلام ہو آپ پر اے عالمین کی عورتوں کی سردار فاطمہؑ کے فرزند۔

13

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا أَبَا عَبْدِ ٱللَّهِ

سلام ہو آپ پر اے ابو عبد اللہ۔

14

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يا خِيَرَةَ ٱللَّهِ وَٱبْنَ خِيَرَتِهِ

سلام ہو آپ پر اے مختار خدا اور فرزند مختارِ خدا۔

15

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يا ثَارَ ٱللَّهِ وَٱبْنَ ثَارِهِ

سلام ہو آپ پر اے خونِ خدا اور فرزندِ خونِ خدا۔

16

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ أَيُّهَا ٱلْوِتْرُ ٱلْمَوْتُورُ

سلام ہو آپ پر اے وہ کشتہ کہ جس کے خون کا بدلہ نہیں لیا جاسکا۔

17

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ أَيُّهَا ٱلاِمَامُ ٱلْهَادِي ٱلزَّكِيُّ

سلام ہو آپ پر اے امام ہدایت کرنے والے، پاک

18

وَعَلىٰ أَرْوَاحٍ حَلَّتْ بِفِنَائِكَ وَأَقَامَتْ فِي جِوَارِكَ

اور ان روحوں پر جو آپ کی بارگاہ میں وارد ہوئیں اور آپ کے جوار میں مقیم ہوئیں

19

وَوَفَدَتْ مَعَ زُوَّارِكَ

اور وارد ہوئیں آپ کے زائروں کے ساتھ۔

20

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ مِنِّي مَا بَقيتُ وَبَقِيَ ٱللَّيْلُ وَٱلنَّهَارُ

سلام ہو آپ پر میری طرف سے جب تک میں باقی رہوں اور شب و روز باقی رہیں

21

فَلَقَدْ عَظُمَتْ بِكَ ٱلرَّزِيَّةُ

بے شک آپ کی مصیبت عظیم ہے

22

وَجَلَّ ٱلْمُصَابُ فِي ٱلْمُؤْمِنِينَ وَٱلْمُسْلِمِينَ

اور حادثہ جلیل ہے مومنین، مسلمین

23

وَفِي أَهْلِ ٱلسَّمَاوَاتِ أَجْمَعِينَ

اور تمام آسمانوں

24

وَفِي سُكَّانِ ٱلأَرَضِينَ

اور زمینوں کے رہنے والوں کے لیے۔

25

فَإِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ

ہم خدا کے لیے ہیں اور خدا ہی کی طرف لوٹنے والے ہیں

26

وَصَلَوَاتُ ٱللَّهِ وَبَرَكَاتُهُ وَتَحِيَّاتُهُ عَلَيْكَ

اور اللہ کا درود اور برکت اور سلام ہو آپ پر

27

وَعَلَىٰ آبَائِكَ ٱلطَّاهِرِينَ ٱلطَّيِّبِينَ ٱلْمُنْتَجَبِينَ

اور آپ کے پاک و پاکیزہ منتخب آباء پر

28

وَعَلَىٰ ذَرَارِيهِمُ ٱلْهُدَاةِ ٱلْمَهْدِيِّينَ

اور ان کی ان ذریّتوں پر جو ہدایت کرنے والے اور ہدایت پائے ہوئے ہیں۔

29

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا مَوْلايَ وَعَلَيْهِمْ

سلام ہو آپ پر اے میرے مولا اور ان سب پر

30

وَعَلَىٰ رُوحِكَ وَعَلَىٰ أَرْوَاحِهِمْ

اور آپ کی روح پر اور ان کی روحوں پر

31

وَعَلَىٰ تُرْبَتِكَ وَعَلَىٰ تُرْبَتِهِمْ

اور آپ کی پاک تربت پر اور ان سب کی تربت پر۔

32

اَللَّهُمَّ لَقِّهِمْ رَحْمَةً وَرِضْوَاناً

خدایا ان کو عطا کر رحمت و رضوان

33

وَرَوْحاً وَرَيْحَاناً

اور روح و ریحان۔

34

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا مَوْلاَيَ يَا أَبَا عَبْدِ ٱللَّهِ

سلام ہو آپ پر اے میرے مولا اے ابوعبداللہ

35

يَا بْنَ خَاتَمِ ٱلنَّبِيِّينَ

اے خاتم النبیین کے فرزند

36

وَيَا بْنَ سَيِّدِ ٱلْوَصِيِّينَ

اور اے سید الوصیین کے فرزند

37

وَيَا بْنَ سَيِّدَةِ نِسَاءِ ٱلْعَالَمِينَ

اور اے عالمین کی عورتوں کی سردار کے فرزند۔

38

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا شَهِيدُ يَا بْنَ ٱلشَّهِيدِ

اے برادرِ شہید اے پدرِ شہید۔

39

يَا أَخَا ٱلشَّهِيدِ يَا أَبَا ٱلشُّهَدَاءِ

اے برادرِ شہید اے پدرِ شہید۔

40

اَللَّهُمَّ بَلِّغْهُ عَنِّي فِي هٰذِهِ ٱلسَّاعَةِ

خدایا ان تک میری طرف سے اسی گھڑی،

41

وَفِي هٰذَا ٱلْيَوْمِ

اسی دن

42

وَفِي هٰذَا ٱلْوَقْتِ

اور اسی وقت

43

وَفِي كُلِّ وَقْتٍ

اور ہر وقت

44

تَحِيَّةً كَثِيرَةً وَسَلاماً

بہت زیادہ تحیّت و سلام پہنچا دے۔

45

سَلاَمُ ٱللَّهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ ٱللَّهِ وَبَرَكَاتُهُ

اللہ کا سلام ہو آپ اور اللہ کی رحمت اور برکت ہو

46

يَا بْنَ سَيِّدِ ٱلْعَالَمِينَ

اے سردارِ عالمین کے فرزند

47

وَعَلَىٰ ٱلْمُسْتَشْهَدِينَ مَعَكَ سَلاَماً مُتَّصِلاً

اور آپ کے ساتھ تمام شہید ہونے والوں پر مسسلسل سلام ہو

48

مَا ٱتَّصَلَ ٱللَّيْلُ وَٱلنَّهارُ

شب و روز۔

49

اَلسَّلاَمُ عَلَىٰ ٱلْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ ٱلشَّهِيدِ

سلام ہو حسینؑ ابن علیؑ شہید پر۔

50

السَّلامُ عَلَىٰ عَلِيِّ بْنِ ٱلْحُسَيْنِ ٱلشَّهِيدِ

سلام ہو علیؑ بن الحسینؑ شہید پر۔

51

اَلسَّلاَمُ عَلَىٰ ٱلْعَبَّاسِ بْنِ أَمِيرِ ٱلْمُؤْمِنِينَ ٱلشَّهِيدِ

سلام ہو عباس بن امیرالمومنینؑ شہید پر۔

52

السَّلاَمُ عَلَىٰ ٱلشُّهَداءِ مِنْ وُلْدِ أَمِيرِ ٱلْمُؤْمِنِينَ

سلام ہو امیرالمومنینؑ کی اولاد کے شہیدوں پر۔

53

اَلسَّلاَمُ عَلَىٰ ٱلشُّهَداءِ مِنْ وُلْدِ ٱلْحَسَنِ

سلام ہو امام حسنؑ کے شہیدوں پر۔

54

اَلسَّلاَمُ عَلَىٰ ٱلشُّهَداءِ مِنْ وُلْدِ ٱلْحُسَيْنِ

سلام ہو اولادِ امام حسینؑ کے شہیدوں پر۔

55

السَّلامُ عَلَىٰ ٱلشُّهَداءِ مِنْ وُلْدِ جَعْفَرٍ وَعَقِيلٍ

سلام ہو اولادِ جعفرؑ و عقیلؑ کے شہیدوں پر۔

56

اَلسَّلاَمُ عَلَىٰ كُلِّ مُسْتَشْهَدٍ مَعَهُمْ مِنَ ٱلْمُؤْمِنِينَ

سلام ہو ان کے ساتھ تمام مومنین شہیدوں پر۔

57

اَللَّهُمَّ صَلِّ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ

خدایا درود نازل فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر

58

وَبَلِّغْهُمْ عَنِّي تَحِيَّةً كَثِيرَةً وَسَلاَماً

اور میری طرف ان کو بہت زیادہ تحیّت و سلام پہنچا دے۔

59

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يا رَسُولَ ٱللَّهِ

سلام ہو آپ پر اے رسول خداؐ

60

أَحْسَنَ ٱللَّهُ لَكَ ٱلْعَزَاءَ فِي وَلَدِكَ ٱلْحُسَيْنِ

پروردگار آپ کو صبر دے آپ کے فرزند حسینؑ کے غم میں۔

61

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكِ يَا فَاطِمَةُ

سلام ہو آپ پر اے فاطمہؑ۔

62

أَحْسَنَ ٱللَّهُ لَكِ ٱلْعَزَاءَ فِي وَلَدِكِ ٱلْحُسَيْنِ

اللہ آپ کے فرزند حسینؑ کے غم میں آپ کے صبر کو بہتر بنائے

63

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا أَمِيرَ ٱلْمُؤْمِنِينَ

سلام ہو آپ پر اے امیرالمومنینؑ۔

64

أَحْسَنَ ٱللَّهُ لَكَ ٱلْعَزَاءَ فِي وَلَدِكَ ٱلْحُسَيْنِ

خدا آپ کے فرزند حسینؑ کے غم میں آپ کے صبر کو بہتر بنائے

65

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا أَبَا مُحَمَّدٍ ٱلْحَسَنُ

سلام ہر آپ پر اے ابو محمد حسنؑ

66

أَحْسَنَ ٱللَّهُ لَكَ ٱلْعَزَاءَ فِي أَخِيكَ ٱلْحُسَيْنِ

خدا آپ کے بھائی حسینؑ کے غم میں آپ کے صبر کو بہتر بنائے

67

يَا مَوْلاَيَ يَا أَبَا عَبْدِ ٱللَّهِ

اے میرے مولا اے ابو عبداللہ

68

أَنَا ضَيْفُ ٱللَّهِ وضَيْفُكَ

میں اللہ کا اور آپ کا مہمان ہوں

69

وَجَارُ ٱللَّهِ وَجَارُكَ

اور اللہ کی اور آپ کی پناہ میں ہوں

70

وَلِكُلِّ ضَيْفٍ وَجَارٍ قِرًى

اور ہر مہمان اور پناہ لینے والے کی پذیرائی ہوتی ہے۔

71

وَقِرَايَ فِي هٰذَا ٱلْوَقْتِ

لہٰذا میری پذیرائی اس وقت یہ ہے کہ

72

أَنْ تَسْأَلَ ٱللَّهَ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ

آپ اللہ تبارک و تعالیٰ سے دعا کریں کہ

73

أَنْ يَرْزُقَنِي فَكَاكَ رَقَبَتِي مِنَ ٱلنَّارِ

وہ میری گلو خلاصی کردے جہنّم سے کہ

74

إِنَّهُ سَمِيعُ ٱلدُّعَاءِ قَرِيبٌ مُجِيبٌ

وہ دعا کا سننے والا، قریب اور قبول کرنے والا ہے۔

alzair.app — ziyarat guides, shrine recitations with audio, and group tours.

اس متن کو آف لائن پڑھنے کے لیے الزائر ایپ حاصل کریں۔